نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ کراپ رپورٹنگ سروس نے کپاس کے پیداواری اعداد و شمار جاری کر دیئے۔

لاہور16 اگست2024: محکمہ زراعت پنجاب کے کراپ رپورٹنگ سروس ونگ نے کپاس کے 16 اگست 2024 تک پیداواری اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق صوبہ پنجاب میں 6 لاکھ 36 ہزار روئی کی گانٹھوں کے برابر کپاس کی پیداوار حاصل ہو چکی ہے۔ گزشتہ سال اسی عرصہ کے دوران 7 لاکھ 89 ہزار گانٹھوں کے برابر کپاس کی پیداوار حاصل ہوئی۔ موجودہ سیزن کپاس کی پیداوار گزشتہ سال اسی عرصہ کے دوران 19.4 فیصد کم حاصل ہوئی۔ اب تک کپاس کے ٹینڈے کا وزن 3.46 گرام ریکارڈ کیا گیا ہے جو کہ 2022-23 میں 3.43 گرام تھی. کپاس کے ٹینڈے کے اوسط وزن میں 0.87 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اب تک کپاس کے علاقے میں 40 فیصد تک چنائی کی جا چکی ہے جو کہ پچھلے سال اسی عرصہ کے دوران 52 فیصد تھی۔ محکمہ زراعت پنجاب کپاس کے اگلے عبوری اعداد و شمار 31 اگست 2024 کو جاری کرے گا

☆☆☆☆